

# خوشحالی پلان

"سوالات کے لئے پی آر ڈی 9898 پر ایس ایم ایس کریں"



## خوشحال زندگی کے لئے بچت کیجئے:

مستقبل کی مالیاتی ضروریات کیلئے سنجیدگی سے بچت کرنی ہوتی ہے۔ بچوں کی اعلیٰ تعلیم، شادی اور ذاتی مکان خریدنے کیلئے مالی وسائل کا انتظام ایک بڑا چیلنج ہوتا ہے۔ اسلئے ضروری ہے کہ آپ اس مقصد کے لئے سرمایہ کاری کریں تا کہ مستقبل میں جب آپ کو ضرورت ہو تو آپ کے پاس رقم دستیاب ہو جسے آپ استعمال کرسکیں۔

**'ای ایف یو لائف'** پیش کرتا ہے **خوشحالی پلان**۔ بچت اور تحفظ کا ایسا منصوبہ جو آپ کو اس بات کا اطمینان فراہم کرتا ہے کہ ضرورت کے وقت آپ کے پاس اپنے اہلِ خانہ کیلئے یکمشت رقم مہیا ہوگی۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ انشورنس کے ذریعے بچت ایک مہنگا طریقہ کار ہے تو 'ای ایف یو لائف' آپ کی مدد کیلئے حاضر ہے۔ کم سالانہ سرمایہ کاری کے عوض جاری کردہ ایسی انشورنس پالیسی، جس میں تحفظ بھی شامل ہے اور آپکی سرمایہ کاری کی نشوونما بھی ہوتی رہے گی۔

## روشن مستقبل کے لئے صحیح راستے کا انتخاب:

30 سالہ احمد کی ایک چھوٹے سے قصبے میں کریانہ کی دکان ہے۔ وہ شادی شدہ ہے، اُن کا بیٹا علی ہے جس کی عمر پانچ سال ہے اور ایک بیٹی تین سالہ آمنہ ہے۔ احمد کی اپنے کاروبار سے مناسب آمدنی ہے جس سے وہ اپنے اہلِ خانہ اور والدین کی کفالت کرتا ہے۔ ای ایف یو لائف کے نمائندے نے احمد کو سالانہ بچت مبلغ 10,000 روپے کیلئے آمادہ کیا اور انھوں نے ای ایف یو لائف کے **خوشحالی پلان** کے ذریعے اپنے اہلِ خانہ کے مستقبل کیلئے بچت کے منصوبے پر عمل کا آغاز کیا۔ احمد اب مطمئن ہے کہ وہ ہر سال ایک مخصوص رقم اس پلان کے ذریعے بچا سکے گا اور پلان کی مقرر کردہ مدت تک جمع شدہ رقم کو اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم اور شادی پر خرچ کرسکے گا۔

45 سالہ جمال شہر کے ایک کارخانے میں کام کرتا ہے۔ شادی شدہ ہے اور اس کی دو بیٹیاں ہیں۔ صائمہ کی عمر پانچ سال جبکہ ثمینہ کی عمر دس سال ہے۔ جمال کی آمدنی معقول ہے اور وہ بآسانی اپنے گھر کا خرچ چلانے کے ساتھ ساتھ اپنی بیٹیوں کو تعلیم بھی دلا رہا ہے۔ وہ اور اس کی بیوی دانشمندی سے ہر ماہ کچھ نہ کچھ رقم بچا لیتے ہیں تا کہ ضرورت کے دنوں میں کام آسکے۔ حال ہی میں جمال کو ای ایف یو لائف کے **خوشحالی پلان** کے بارے میں پتہ چلا اور اس نے ای ایف یو لائف کے سیلز کنسلٹنٹ سے مکمل تفصیلات حاصل کیں۔ جمال نے 12,000 روپے سالانہ کی پالیسی خرید لی۔ وہ خوش ہے کہ 15 سال بعد اس کے پاس اتنی مناسب رقم موجود ہوگی جو نہ صرف اس کی بیٹیوں کی شادی میں کام آئے گی بلکہ ریٹائرمنٹ کے بعد خود اس کے بھی کام آئے گی۔ نیز اب اسے اطمینان ہے کہ کسی بھی ناگہانی صورت میں انشورنس کی رقم اس کے اہلِ خانہ کو تحفظ فراہم کرے گی۔

عبداللہ ایک کاشتکار ہے، عمر 35 سال ہے۔ اُس کے پاس گاؤں میں تھوڑی سی زرعی زمین ہے۔ وہ اپنے گھرانے کا کفیل ہے اور اس کی آمدنی کا انحصار فصل پر ہے۔ اس سال اسے اپنی فصلوں سے بہت اچھا منافع ہوا۔ وہ اپنی بیوی اور چار بچوں کے ساتھ رہتا ہے۔ اس کے بچوں میں امین کی عمر سات سال، سکینہ کی عمر گیارہ سال، نسرین کی عمر بارہ سال اور فاطمہ کی عمر پندرہ سال ہے۔ عبداللہ بنیادی طور پر ایک محنتی شخص ہے اور اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ مستقبل کی ضروریات کے لیے کچھ نہ کچھ رقم بچا کر رکھنی چاہیے، تاکہ وہ بچوں کی تعلیم، شادی اور زرعی کاروبار کے لیے کام آئے۔ عبداللہ اپنے اہلِ خانہ کے لیے روزی کمانے والا واحد شخص ہے جو مستقبل کے حوالے سے فکرمند ہے کہ کسی ناگہانی کی صورت میں اور اس کے دنیا میں نہ ہونے کی صورت میں اس کے بیوی بچوں کا کیا بنے گا۔ حال ہی میں عبداللہ کو اُس کے کچھ کسان دوستوں کے ذریعے ای ایف یو لائف کے **خوشحالی پلان** کے بارے میں معلوم ہوا۔ اس نے بھی ای ایف یو لائف کے سیلز کنسلٹنٹ سے اس پلان کی تفصیلات حاصل کیں اور فیصلہ کیا کہ وہ ای ایف یو لائف کے **خوشحالی پلان** کی پالیسی خریدے گا جو اس کے اہلِ خانہ کے لیے انتہائی موزوں ہے۔ اس نے 15,000 روپے سالانہ سے 10 سالہ پالیسی خرید لی جس سے ملنے والی رقم آنے والے دنوں میں اس کے اہلِ خانہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ انہیں تحفظ بھی فراہم کرے گی۔

## نمایاں خصوصیات:

- کم سے کم -/8,000 روپے سالانہ سے سرمایہ کاری کی ابتدا۔
- لائف انشورنس کے ذریعے مناسب مدت کا تحفظ۔
- مکمل اطمینان کہ سرمایہ کاری ایک مستحکم فنڈ میں ہو رہی ہے۔
- فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کے ذریعے رقم میں تیزی سے اضافہ۔
- ضرورت کے وقت سرمایہ کاری کا استعمال۔
- منصوبے میں کی گئی زیادہ سرمایہ کاری پر فوائد اور بونس۔

## سرمائے کی نشوونما کیلئے مواقع:

پلان میں کی جانے والی ادائیگیوں کو پالیسی ہولڈر کے منتخب کردہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کیلئے استعمال کیا جائیگا۔
پالیسی کے آغاز پر آپکو درج ذیل یونٹ سیونگز فنڈز سے خطرے کی حد اور سرمائے کے مقصد کی بنیاد پر کسی ایک کا انتخاب کرنے کی سہولت حاصل ہے:

**ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ۔** متوازن سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کے ساتھ سرمایہ کاری کا ایک فنڈ ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلوچپ سیکیوریٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیوریٹیز اور نقد میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔

**ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ۔** مستحکم آمدنی فراہم کرنیوالا سرمایہ کاری فنڈ جس میں ضمانت دیجاتی ہے کہ فنڈ کی (بِڈ پرائس) کبھی ایک مخصوص فیصد سے نیچے نہیں آئیگی۔ اسکا ہدف قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشوونما ہے۔

**ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ۔** ایسا سرمایہ کاری فنڈ جسکا مخصوص ہدف بلاسود فنڈز / سیکیوریٹیز میں سرمایہ کاری ہے۔ اسکا مقصد وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری اداروں جیسے اسلامک میوچل فنڈز، شرعی منظور شدہ ایکویٹیز، اسلامک بینکوں میں ٹرم ڈپازٹس پر مبنی رقوم جمع کرکے اور سکوک بانڈز میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کے فروغ کو بڑھانا ہے۔



## فنڈ ایکسلیریشن پریمیم (اضافی اختیاری پریمیم):

خوشحالی پلان باقاعدہ پریمیم پلان ہے لیکن اسکے ساتھ یہ آپ کو پلان میں اپنی اضافی رقوم کو یکمشت جمع کروا کے بچت کو فروغ دینے کی لچک اور موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ فنڈ ایکسلیریشن پریمیم (یکمشت اضافی رقوم) پالیسی کے آغاز پر یا پالیسی کے دوران کسی بھی وقت ادا کی جا سکتی ہیں۔ فنڈ ایکسلریشن پریمیم کی ادائیگیاں آپکے پلان کی نقد مالیت کو بڑھائیں گی۔ کم از کم فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کی رقم 8000 روپے ہے۔

### مکمل تحفظ کے ساتھ سرمایہ کاری:

**خوشحالی پلان** کے تحت سرمایہ کاری کا آغاز ہونے کے بعد آپکو لائف انشورنس کا تحفظ حاصل ہو جاتا ہے۔ تحفظ سے مراد یہ ہے کہ پالیسی ہولڈر کی وفات کی صورت میں مندرجہ ذیل سہولت اس کے اہلِ خانہ کو ملے گی:

- وفات کی صورت میں سم اشورڈ یا بنیادی پلان کی نقد مالیت میں سے جو زیادہ ہوادا کیا جائیگا۔
- فنڈ ایکسلریشن پریمیم کی نقد مالیت ادا کی جائیگی۔

آپ اپنی موجودہ عمر اور انشورنس پالیسی کے ذریعے زندگی کے تحفظ کی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے پالیسی کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کیجئے "سم اشورڈ"

### ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ:

پالیسی ہولڈر کی حادثاتی وفات کی صورت میں اہل خانہ کو سم اشورڈ کا 100 سے 200 فیصد ادائیگی کے اضافی فوائد بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔ یہ فوائد ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ کے ذریعے کچھ مزید رقم کے عوض حاصل ہو سکتے ہیں۔

## پالیسی کی مدت کی تکمیل پر فائدہ:

پالیسی کے اختتام پر بیمہ دار کو سرمایہ کاری میں موجود کل رقم ادا کر دی جائیگی۔

### افراطِ زر سے تحفظ:

اس اختیار کے ذریعے آپکو تحفظ اور ذہنی اطمینان ہوتا ہے کہ آپکے پلان میں حاصل ہونے والے فوائد کو، آپکی صحت سے قطع نظر، افراط زر کے استحکام کیلئے ہر سال خودکار طور پر بڑھا دیا جاتا ہے۔

اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے ہر سال آپکے ہر پریمیم کو سابقہ سال کے پریمیم سے 5% بڑھا دیا جائیگا۔ جس سے یہ اضافی پریمیم آپکے سرمائے کو فروغ دینے میں مدد دے گا۔

زرِ بیمہ پر افراطِ زر 55 سال کی عمر تک حاصل کر سکتے ہیں، بشرطیکہ آپکو ابتدائی طور پر طے کردہ شرائط منظور ہوں۔ آپ ''ضمانت شدہ تحفظ'' کی اس قسم سے اپنے حق کو دستبردار کر سکتے ہیں مگر اسے دوبارہ مؤثر بنانے کیلئے طبّی معائنہ ضروری ہوگا۔

### اہم تفصیلات:

**اہلیت:** منصوبے میں شمولیت کیلئے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ عمر بالترتیب 18 اور اگلی سالگرہ پر 65 سال ہے۔

**مدت:** خوشحالی پلان کی مدت 10 سے 25 سال تک ہو سکتی ہے بشرطیکہ پالیسی کی معیاد کی تکمیل تک عمر 75 سال سے زیادہ نہ ہو۔

**سالانہ بنیادی پریمیم:** سالانہ بنیادی پریمیم کم از کم 8,000 اور زیادہ سے زیادہ 21,999 روپے ہو سکتا ہے۔ FAP کی کم از کم رقم 8,000 روپے ہو سکتی ہے۔

## یونٹ کی تقسیم:

بنیادی پریمیم کا سرمائے کیلئے مختص تناسب مندرجہ ذیل ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 1 | 35% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4 اور آگے کے سال | 100% پلس بونس یونٹ ایلوکیشن |

حالات تبدیل ہو جائیں اور آپ کو نقد رقم کی ضرورت پڑ جائے تو آپ پلان کے دوسرے سالانہ پریمیم کی ادائیگی کے بعد پلان کی نقد مالیت کو بڈ پرائس کی شکل میں حاصل کر سکتے ہیں۔ برائے مہربانی یاد رکھیے کہ یہ پلان طویل المیعاد سرمائے کے فوائد کے لئے تشکیل دیا گیا ہے لہٰذا ابتدائی برسوں میں اس کی قدر کم ہونے کا امکان ہے۔

بصورت دیگر یہ بھی ممکن ہے کہ آپ اپنے پلان میں موجود سرمائے کا ایک مختصر حصہ وصول کر لیں۔ یہ پلان آپکو کسی بھی وقت نقد مالیت کی جزوی واپسی کی سہولت فراہم کرتا ہے اور اسکے ساتھ پلان کو قابل عمل رکھنے کیلئے



پریمیم کی ادائیگی بھی جاری رکھی جاتی ہے بشرطیکہ جزوی دستبرداری کے بعد پلان میں کم از کم 10,000 روپے نقد رقم کے طور پر موجود رہیں۔

## چارجز:

پالیسی کے مطابق درجِ ذیل چارجز لاگو ہوں گے۔

- انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز: ہر ماہ فنڈ کی قدر کا 0.125% (سالانہ منہا ہوگا)
- بِڈ/آفر اسپریڈ: بنیادی پریمیئم کا 5%

## بونس یونٹ ایلوکیشن:

| پالیسی سال | بونس یونٹ ایلوکیشن |
|---|---|
| 6 | 10% |
| 11 | 20% |

## بچتوں تک رسائی:

مستقبل کے بارے میں کوئی پیش گوئی نہیں کرسکتا۔ آپ کے مالی



- ایڈمنسٹریشن چارجز: 330 روپے سالانہ

ہر سال عمر پر مشتمل، بیمہ حیات کے خطرے کے پیشِ نظر، مورٹیلیٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رِسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔

## سم اشورڈ:

وفات کی صورت میں یہ گارنٹیڈ رقم ادا کی جائیگی۔ سم اشورڈ کا انتخاب پلان کے آغاز پر عمر کی مناسبت سے مقرر حد تک کیا جاسکتا ہے۔ سم اشورڈ کا تعین بنیادی پریمیم اور پروٹیکشن ملٹیپل کے مطابق نکالا جاتا ہے۔ پروٹیکشن کی حد نیچے درج جدول سے منتخب کی جاسکتی ہے۔

| عمر | پروٹیکشن ملٹیپل |
|---|---|
| 18 - 35 | 5 to 45 |
| 36 - 40 | 5 to 35 |
| 41 - 49 | 5 to 25 |
| 50 - 60 | 5 to (70 منفی عمر) |
| 61 - 65 | 5 |

## اینکیشمنٹ:

خوشحالی پلان طویل المیعاد معاہدے کے طور پر تشکیل دیا گیا ہے جس میں پلان کے ابتدائی انتظامی اخراجات وقت کے ساتھ وصول کئے جاتے ہیں چنانچہ اگر پلان ایک سال کے پریمیم کی ادائیگی کے بعد منسوخ کردیا جائے تو معاہدے کے پہلے سال میں ادا کیجانے والی نقد مالیت دیگر اخراجات کی مد میں استعمال کرلی جائیگی اور کوئی رقم قابل ادا نہ ہوگی۔ البتہ پہلے دو پریمیم ادا کردیئے گئے ہوں تو آپ پلان میں موجود، یونٹس کی قیمت خرید (بڈ پرائس) کے حساب سے، کسی بھی وقت کل (یا جزوی) نقد مالیت حاصل کرسکتے ہیں۔

## آٹومیٹک نان فارفیچر:

اگر دو سال تک پورا پریمیم ادا کردیا گیا ہو اور پھر کسی وجہ سے ادائیگی رک جائے تو کمپنی غیر ادا شدہ پہلے پریمیم کی تاریخ سے ایک سال کے عرصے کیلئے بنیادی پالیسی کو قائم رکھے گی۔ اس ایک سال کے دوران کمپنی انتظامی اور تحفظ کے اخراجات کی ادائیگی کیلئے کچھ یونٹس منہا کرے

گی۔ اس عرصے کے اختتام پر اگر پالیسی کی نقد مالیت موجود ہو تو وہ ''پیڈ اَپ'' میں تبدیل کر دی جائیگی۔ اس صورت میں مزید کوئی پریمیم قابل ادا نہیں ہوں گے اور وفات پر یا پالیسی کے اختتام پر قابل ادائیگی رقم پالیسی کی نقد مالیت کے برابر ہوگی۔ ہر پالیسی سال کے اختتام پر کمپنی پالیسی کو جاری رکھنے کے انتظامی خرچ کی ادائیگی کیلئے کچھ یونٹس منہا کر دے گی۔

**انتباہ:**

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کی ہے۔
- بیمہ پالیسیوں سے متعلق معاوضوں کے تمام کلیم، اخراجات اور ان کی ادائیگی مکمل طور پر ای ایف یو لائف کی ذمّہ داری ہوگی۔
- پلان میں ادا کئے گئے پریمیئم کی رقم کو درج کئے گئے فنڈ میں سرمایہ کاری کے لئے لگایا جاتا ہے۔
- منتخب فنڈ میں ہونے والی سرمایہ کاری مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ سے مشروط ہے۔ منتخب فنڈ میں سرمایہ کاری کا ممکنہ نقصان پالیسی حامل کے ذمّے ہوگا۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی کا مستقبل کی کارکردگی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس سلسلے میں کوئی بھی پیشگوئی ضروری نہیں کہ مستقبل کی یا فنڈ کی ممکنہ کارکردگی کی نشاندہی کرتی ہو اور اس کیلئے ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کوئی ذمّہ داری نہ لے گا۔
- فوائد کی شخصی تشریح ہمارا اسیلز نمائندہ آپکو فراہم کریگا۔ براہِ مہربانی مختلف شرائط و ضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے تشریح میں دیئے گئے نوٹس پر خصوصی توجّہ دیں۔
- متعلقہ اداروں سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق، ٹیکسوں کا اطلاق ہوگا۔
- اس معاہدے کے کام کرنے کے طریقے کی تفصیل پالیسی شرائط و ضوابط میں درج ہے۔ یہ کتابچہ صرف پروڈکٹ کی عمومی خصوصیات اور فوائد پیش کرتا ہے۔



# ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com